433



آیت نمبر 13

آیات نمبر 13 تا 22 میں تنبیہ کہ ہر چیز کا اختیار اللہ ہی کے پاس ہے۔ روز قیامت وہی مالک
ہو گا اور کوئی ان مشرکوں کی سفارش نہیں کر سکے گا۔ پچھلی نافرمان قوموں کے حوالہ سے
منکرین کو تنبیہ کہ جب اللہ کا عذاب آ جاتا ہے تو اس کے خلاف کوئی مدد نہیں کر سکتا

هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَ مَا يَتَذَكَّرُ
اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ وہ اللہ ہی ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لئے
آسمان سے رزق نازل کرتا ہے لیکن ان سب باتوں سے نصیحت صرف وہی شخص
حاصل کرتا ہے جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والا ہو فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ
الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ صرف اللہ ہی کو پکارو اور اپنے دین کو اسی کے
لئے خالص کر لو خواہ کافروں کو یہ بات کتنی ہی ناگوار گزرے رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو
الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ
التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ وہ بہت عالی مرتبہ اور عرش کا مالک ہے، وہ اپنے بندوں میں سے جس پر
چاہتا ہے اپنے حکم سے وحی بھیجتا ہے تاکہ وہ لوگوں کو اللہ سے ملاقات کے دن سے
ڈرائے يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ وہ دن کہ جب
سب لوگ قبروں سے نکل کھڑے ہوں گے اور ان کی کوئی بات اللہ سے پوشیدہ نہ ہو
گی لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اس وقت کہا جائے گا کہ آج
کس کی بادشاہی ہے؟، صرف اللہ کی جو اکیلا ہے اور سب پر غالب ہے اَلْيَوْمَ
تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

الْحِسَابِ ﴿١٧﴾ آج ہر شخص کو اس کی کمائی کا بدلہ دیا جائے گا اور کسی پر ظلم نہیں
کیا جائے گا، بے شک اللہ بہت تیزی سے حساب کرنے والا ہے وَ اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ
الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ ان
لوگوں کو اس قریب آنے والے دن کی مصیبت سے ڈرائیے جب لوگوں کے دل
خوف کی وجہ سے اچھل کر حلق میں آرہے ہوں گے مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّ
لَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ؕ﴿١٨﴾ اس دن ظالم نافرمانوں کا نہ تو کوئی ہمدردی کرنے والا دوست ہو گا
اور نہ کوئی ایسا سفارشی کہ جس کی سفارش قبول کرلی جائے يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ
وَ مَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿١٩﴾ اور اللہ تو خیانت کرنے والی نگاہوں کو بھی جانتا ہے اور سینے
میں چھپی ہوئی باتوں کو بھی وَ اللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ
دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿٢٠﴾ اللہ ہی انصاف
کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے، اور اللہ کو چھوڑ کر یہ مشرکین جنہیں پکارتے ہیں وہ تو کچھ
بھی فیصلہ نہیں کرسکتے، بلاشبہ اللہ ہی سب کچھ سننے اور دیکھنے والا ہے رکوع [۲] اَوَ لَمْ
يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ
قَبْلِهِمْ ؕ کیا ان لوگوں نے زمین میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو نافرمان لوگ ان
سے پہلے گزر چکے ہیں ان کا کیا انجام ہوا كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّ اٰثَارًا فِي
الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وہ قوت میں بھی اِن سے زیادہ تھے اور
زمین میں اُن کی چھوڑی ہوئی نشانیاں بھی اِن سے زیادہ ہیں، پھر اللہ نے انہیں گناہوں

کی وجہ سے پکڑ لیا وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿٢١﴾ اور انہیں اللہ کے عذاب
سے بچانے والا کوئی بھی نہ تھا ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ۭ اُن کا یہ انجام اس لئے ہوا کہ ان کے رسول ان کے
پاس واضح نشانیاں لے کر آتے رہے مگر وہ کفر و انکار ہی کرتے رہے، پھر اللہ نے
انہیں پکڑ لیا اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢٢﴾ بے شک اللہ بڑی قوت والا اور سخت
سزا دینے والا ہے۔

[#433]

Verses 13 to 22 provide a stern warning emphasizing that All power belong solely to Allah. On the Day of Judgment, He will be the only sovereign, and no one will intercede on behalf of the polytheists. Disbelievers are warned through examples of previous rebellious nations. When Allah's punishment descended upon them, no one could help or save them.

هُوَ الَّذِىْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ
رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿١٣﴾

He is the One who shows you His signs and sends down sustenance for you from the sky. Yet nobody take heed from these reminders except those who turn to Him in repentance.

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿١٤﴾

So, call upon [and worship] Allah, and dedicate your religion purely to Him, even if the disbelievers dislike it.

رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى
مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿١٥﴾

He is Most Exalted and the Lord of the Throne. He sends revelation by His command to whomever He so wills among His servants, so that they may warn people about the Day of Meeting [with Allah].

يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ

The Day when they shall come out, and nothing about them shall be hidden from Allah.

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿١٦﴾

[it will be proclaimed]: "To whom does sovereignty belong this day?" [It belongs] to Allah, the One, the All-Dominant.

اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿١٧﴾

Today, every soul shall be recompensed for what it has earned [in the life], there is no injustice today, Indeed Allah is swift in reckoning.

وَ اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۬ؕ

[O Prophet!], warn the people about the approaching Day [of distress], when hearts will jump into throats out of fear.

مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ﴿١٨﴾

[On that Day], their shall be no intimate friend for the wrongdoers, nor any intercessor whose intercession will be accepted.

يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿١٩﴾

Allah knows the deceitful glances of the eyes and of all that the hearts would conceal.

وَ اللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا
يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿٢٠﴾

And Allah judges with truth, and those whom they [the polytheists] invoke besides Him, cannot judge anything. Indeed, Allah is the All-Hearing, the All-Seeing.

اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

Have they not traveled through the earth and observed how [devastating] was the end of those [disbelievers] who were before them?

كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّ اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ
وَّاقٍ ﴿۲۱﴾

They were [far] greater than them in strength and left more prominent marks upon the earth. Yet Allah seized them for their sins, and there was no one to save them from Allah.

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ

That was because their messengers came to them with clear [and miraculous] signs, yet they disbelieved. So, suddenly, Allah seized them.

اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٢٢

Indeed, He is All-powerful and most severe in punishment.